**24/05/2026**

**12:30 /PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی**

**وزیر خارجہ**

**امریکی خارجہ وزیر مارکو روبیو آج نئی دلی میں خارجہ وزیرڈاکٹر ایس جے شنکر کے ساتھ دو طرفہ معاملات پر تبادلہ خیال کریں گے۔**

**اس سے قبل کل وزیر اعظم نریندر مو دی اور امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے نئی دلی میں بھارت ۔امریکہ جامع عالمی کلیدی ساجھے داری میں پیش رفت اور علاقائی اور عالمی امن و سلامتی سے وابستہ معاملات پر بات چیت کی۔**

**وزیر اعظم نے ایک سو شل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ بھارت اور امریکہ عالمی سطح پر فلاح و بہبود کےلئے باہمی اشتراک سے کام کر تے رہیں گے۔**

**واضح رہے کہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو بھارت کے 4روزہ دورے پر آئے ہوئے ہیں، وہ اس مہینے کی 26 تاریخ کو کوارڈ وزرائے خارجہ کی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔**

**منوج سنہا**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انتظامیہ کے ساتھ ساتھ عام لوگ بھی جموں کو ختم کرنے کے لئے پُر عزم ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ Terrorism کشمیر سے نارکو منشیات ہمارے نوجوان پود کو اندر ہی اندر کھوکھلا کر کے انہیں ترقی کی پٹری سے ہٹا رہا ہے ۔**

**وہ شوپیان میں کل ضلع انتظامیہ کی جانب سے منعقدہ منشیات مخالف پدیاترا کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کے بعد خطاب کررہے تھے ۔ انہوننے کہا کہ جموں وکشمیر میں بہت سے والدین اس خوف کے سائے میں رہتے ہیں کہ ان کا خاندان اگلا نشانہ ہو سکتا ہے۔ ہمیں اس خوف کو مکمل طور پر ختم کر کے جمونو کشمیر کے ہر گھر کےلئے تحفظ کو یقینی بنانا چاہئے۔**

**ایل جی نے کہا ہے کہ جموں کشمیرنشہ مکت ابھیان اب زمینی سطح پر ایک طاقت ور تحریک میں تبدیل ہو گیا ہے۔**

**نشہ مکت**

**منشیات کے خلاف جا ری مہم" نشہ مکت جمونو کشمیر ابھیان" پوری یوٹی مینبڑے پیمانے پر جا ری ہے۔ اس 100روزہ مہم کے تحت جمونو کشمیر کے تول عرض میں بیداری کےلئے مختلف قسم کے الگ الگ پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں۔**

**اب تک مہم کے تحت16لاکھ37ہزار484 جانکاری پروگرام منعقد کئے گئے ہیں ، جن میں ایک کروڑ سے زیادہ لوگوں نے شرکت کی ہے۔**

**جاوید ڈار**

**زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے کل رفیع آباد حلقے میں ژالہ بھاری سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا ۔ انہوننے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ میوہ باغات اور فصلوں کو ہوئے نقصان کا تخمینہ لگائے تاکہ کسانوں کی بر وقت مدد کو یقینی بنایا جائے سکے۔اس موقعے پر وزیر موصوف نے کہا کہ اگلے ایک ڈیڑھ ماہ کے اندر اندر کراپ انشورنس سکیم کو لاگو کی جائے گا۔**

**حج**

**آج ہجری مہینے ذوالحجہ کی7تاریخ ہے ۔ ان دنوں لاکھوں کی تعداد میں حج عازمین سعودی عرب کے شہر مکہ مکرمہ میں حج کی ادائیگی کےلئے جمع ہو رہے ہیں۔**

**واضح رہے کہ مناسک حج کی ادائیگی کا سلسلہ کل سے شروع ہو رہا ہے۔ اس دن عازمین حج احرام باندے ہوئے پورا دن منّیٰ میں گذاریں گے۔ 9ذوالحجہ کو نماز فجر کے بعد عازمین وقوف عرفات کےلئے میدانِ عرفات روانہ ہو جائیں گے۔**

**اعجاز بشیر**

**جموں کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے یو ٹی کے کالجوں میں داخلے کے خواہشمند امید واروں سے کہا ہے کہ وہ داخلے کیلئے کالج آپشن کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرینتاکہ انہیں کسی نہ کسی کالج میں داخلہ مل سکے۔**

**آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوننے اس تعلق سے کہا۔**

**........Aijaz Bashir........**

**Census**

**ڈائریکٹر سنسس آپریشنز جموں وکشمیر امت شرما نے جموں میں ایک میٹنگ کی صدارت کی۔**

**کی پیش رفت اور مردم شماری 2027کی Self Enumeration میٹنگ کے دوران تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔**

**انہوننے افسران کو ہدایت دی کہ وہ وسیع عوامی بیداری مہم کو تیز کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ آن لائن پورٹل کے ذریعے اپنا اندراج کرا سکیں۔**

**اعجاز اسد**

**سیکریٹری محکمہ دیہی ترقی و پنچایتی راج محمد اعجاز اسد نے جمونو کشمیر رورل لائیو لی ہُڈ مشن کے سٹارٹ اپ ویلیج انٹرپرنیورشپ پروگرام کے تحت یوٹی کمیٹی کے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ STEERING سطح کی**

**میٹنگ میں جموں وکشمیر میں دیہی انٹرپرنیورشپ اور غیر زرعی ذریعے معاش بلاکوں کےلئے 36 کروڑ SVEPکے مواقعے کو فروغ دینے کے مقصد سے 6 نئے کو منظوری دی گئی۔ DPR روپے کے**

**ایوارڈ**

**صدر جمہوریہ دروپدی مرمو رواں مہینے کی 25تاریخ کو راشٹر پتی بھون نئی دلی میں ایک تقریب پر اس سال کے پدم ایوارڈ عطا کریں گی ۔ اس بات کی جانکاری وزارت داخلہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے دی ہے ۔**

**اس سال مرکزی سرکار نے 131 پدم ایوارڈس کا اعلان کیا ہے جن میں پانچ پدم وبھوشن ، 13 پدم بھوشن اور 113 پدم شری ایوارڈ شامل ہیں ۔**

**ایوارڈ پانے والوں میں 16 خواتین شامل ہیں جبکہ 16 افراد کو بعد از مرگ یہ ایوارڈ دئے جا رہے ہیں ۔**

**Closing**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خدا حافظ**

**.........................................**

**.........................**

**..............**